www.jang.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

LOCAL EDITION WEDNESDAY MARCH 30, 2022

THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

رجسٹرڈ نمبر NPR-002

فون 5962449-5962444 فیکس 5962277

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

صفحات 12 قیمت 20 روپے

جلد 64 | بدھ 26 شعبان المعظم 1443ھ 30 مارچ 2022ء 17 چیت 2078ب | نمبر 89

ہسپتالوں میں غیر معمولی رش

ادویات کی عدم دستیابی بارے

شکایات، ٹیم کا پولی کلینک کا دورہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے عوام کی طرف سے سرکاری ہسپتالوں میں غیر معمولی رش، ادویات کی عدم دستیابی اور میڈیکل بلوں کی تصدیق میں تاخیر کے بارے میں شکایات پر نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزروں پر مشتمل

باقی صفحہ 9 نمبر 7

بقیہ | دورہ | 7

معائنہ ٹیم پولی کلینک ہسپتال کے دورے پر بھیجی۔ ٹیم نے مریضوں کی شکایات سن کران کے ازالے کے لئے فوری طور پر ہسپتال کی انتظامیہ کو احکامات جاری کئے۔ ٹیم نے ہسپتال کی انتظامیہ سے بھی میٹنگ کی اور ڈاکٹروں کی مشکلات کا جائزہ لیا۔ ٹیم مختصر اور طویل دورانیے کی اصلاحات پر مشتمل اپنی سفارشاتی رپورٹ جلد وفاقی محتسب کو پیش کرے گی جس پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ ٹیم نے مریضوں کی شکایات سنیں جن میں ہسپتال میں غیر معمولی رش، ڈاکٹروں کی تاخیر سے آمد، ادویات بروقت نہ ملنے، ڈاکٹروں کی تجویز کردہ مقدار سے کم ادویات دینے، میڈیکل بلوں کی تصدیق میں غیر معمولی تاخیر، ہسپتال کے باہر سے لیبارٹری ٹیسٹ کروانے سمیت شکایات شامل تھیں۔